اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

11 صفر 1448ھ	فیضان مدینہ کراچی	25 جولائی 2026ء

سوال: صحابی کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس نے **ایمان کی حالت میں نبیِ کریم** صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم **کی زیارت کی اور ایمان کی حالت میں ان کا انتقال ہوا**، وہ صحابی ہے۔

سوال: نیکی کی دعوت دینے کا کیا فائدہ ہے؟

جواب: پہلے کی نسبت آج کل نیکی کی دعوت دینا تو آسان ہے، اگر ہر فرد ہر جگہ نیکی دعوت دینے والا بن جائے تو **معاشرے کا نقشہ ہی بدل جائے** (یعنی مسجدیں آباد ہو جائیں، ہر طرف سُنّتیں عام ہو جائیں وغیرہ)۔

سوال: کیا رِیا کے خوف سے نیک عمل چھوڑ سکتے ہیں؟

جواب: **نہیں! یہ بھی رِیا** (یعنی دِکھلاوا) **ہے**۔ رِیا کے خوف سے مستحب عمل بھی نہیں چھوڑا جا سکتا۔ نیک عمل نہ چھوڑا جائے بلکہ **رِیا کو دُور کیا جائے**۔ ناک پر مکھی بیٹھ جائے تو مکھی اُڑائی جاتی ہے ناک نہیں کاٹی جاتی۔

سوال: آندھی کسے کہتے ہیں؟

جواب: **جب بہت تیز ہوا چلے تو اِسے آندھی کہتے ہیں**۔ آندھی، تیز بارش وغیرہ کے وقت دو رکعت **نوافل ادا کرنا مستحب** ہے۔

سوال: لائٹ آن (Light on) رکھنے میں کس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے؟

جواب: **ضرورت ہے تو 100 بلب چلائیں**، ضرورت نہیں تو ایک بھی نہ چلائیں۔

سوال: جو ٹریفک قوانین کی پابندی نہیں کرتے، ان کے بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں؟

جواب: **ٹریفک قوانین کی پابندی** چالان سے بچنے کے لیے نہیں بلکہ **اپنی جان کی حفاظت** کے لیے کریں۔ بالخصوص موٹر سائیکل حادثات زیادہ ہوتے ہیں اور لوگ جان سے چلے جاتے ہیں۔ **گاڑی چلاتے ہوئے موبائل چلانا قانونی جرم** ہے اور اس سے حادثہ ہونے کا بھی امکان ہوتا ہے، چھوٹے بچے بھی گاڑی نہ چلائیں۔ ڈرائیونگ لائسنس (Driving Licence) بھی ضروری ہے، اس کے بغیر گاڑی (کار/موٹر سائیکل) نہ چلائیں۔ ٹریفک قوانین کی پابندی کرنے میں ہمارا اپنا ہی فائدہ ہے۔ 72 نیک اعمال رسالے میں، **نیک عمل نمبر 50** **ٹریفک قوانین** سے متعلق ہی ہے۔

سوال: **کمزوری** دور کرنے کا کوئی وظیفہ بتا دیں؟

جواب: اللہ پاک کا نام **اَلْمُقِیْتُ 11 بار روزانہ کسی بھی وقت پڑھ کر پانی پر دم کرکے پی لیں**، ان شآءاللہ الکریم کمزوری دُور ہو گی۔

سوال: کیا بارش زیادہ ہو رہی ہو تو اس کے بند ہونے کی دعا کر سکتے ہیں؟

جواب: بارش زیادہ ہو رہی ہو تو **ختم ہونے کی دعا کی جا سکتی ہے**۔ جو کہتے ہیں کہ اس کی دعا نہ کی جائے، یہ درست نہیں۔

سوال: اِس ہفتے کا رِسالہ "**اللہ کا خوف**" پڑھنے یا سُننے والوں کو امیر اہل سنت دامت برکاتہم العالیہ نے کیا دُعا دی؟

جواب: یاربِّ کریم! جو کوئی 16 صفحات کا رسالہ "**اللہ کا خوف**" پڑھ یا سُن لے، اُسے اپنا حقیقی خوف دے کر ماں باپ اور خاندان سمیت جنّتُ الفردوس میں بے حساب داخِلہ نصیب فرما۔ اٰمِیْن بِجَاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم